ایک حدیث کے حساب سے جمع کی گئی ہیں۔ ترجمہ اور تشریح کی زبان سہل اور سلیس ہے۔ مکاتب میں بچوں اور بچیوں کے لئے اس کا شریک نصاب ہونا مفید ہوگا۔

موتیوں کا ہار حصہ اوّل ودوم چھوٹی تقطیع ضخامت ہر ایک حصہ کی ۳۲ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت فی حصہ ۳ر پتہ:۔ مکتبہ جماعت اسلامی ہند۔ رامپور۔

مکتبہ جماعت اسلامی رام پور نے مسلمان بچوں اور بچیوں کی اخلاقی تعلیم وتربیت کے لئے چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھنے کا جو پروگرام بنایا ہے یہ دونوں کتابیں اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہیں ان میں کہانی اور قصّے کے پیرایہ میں کچھ واقعات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور آپ کے اہلبیت کے اور چند اور عام حکایات بہت سہل اور سلیس زبان میں بیان کی گئی ہیں۔ ان کے پڑھنے سے بچوں کو زبان بھی آئے گی اور اسلام کی عظمت اور محبت بھی پیدا ہوگی۔

سلطان احمد تنبل از محمد رحیم صاحب دہلوی تقطیع خورد ضخامت ۱۷۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپے پتہ:۔ مکتبہ رضیہ۔ جناح ہاؤس لارنس روڈ کراچی ۱۳ سلطان احمد تنبل بادشاہ بابر کے معمولی درجہ کے امیروں میں تھے لیکن آدمی تھا نہایت چالاک اور حوصلہ مند۔ آخر اس نے بابر کے خلاف ایسی طاقت پیدا کرلی کہ کبھی اس کو چین سے نہیں بیٹھنے دیا اور وہ بابر جس نے ہندوستان ایسے برصغیر پر پے بہ پے حملے کرکے فتح کیا اور اپنی شان دار سلطنت وحکومت کا پرچم لہرایا تھا اس کا حال یہ تھا کہ اس کے دونوں بھائی ناصر مرزا۔ اور جہانگیر مرزا۔ تنبل کے پاس پہلے سے ہی قید ہیں اور غریب بابر اس کے خوف سے چھپا چھپا ادرا دھرادھر مارا مارا پھر رہا ہے اور اس کے نوکروں کے ہاتوں ذلتیں اور رسوائیاں اٹھا رہا ہے۔ آخر کار سلطان احمد تنبل بابر کے ایک اور دشمن جان شیبانی خاں کے ہاتوں گرفتار ہوا اور قتل کردیا گیا۔ اس کتاب میں تزک بابری کی زبانی اسی سلطان احمد تنبل کے اقبال وزوال کی داستان سنائی گئی ہے۔ لائق مؤلف دلی کے ہیں اور دلی کی زبان لکھتے ہیں اس ــ ـس کتاب میں بھی تاریخیت سے زیادہ ادبی عشوہ طرازی کا رنگ ہے چنانچہ ایک مقام پر بابر تن تنہا تھا وہاں اتفاق سے اس کو ایک پرانا نمک خوار مل گیا تو مولف اس کو بجائے ایک سے دو کے "دو گیارہ"، کہتے ہیں (صفحہ) بہرحال کتاب دلچسپ، سبق آموز اور لائق مطالعہ ہے۔